# دریچۂ کویت

کویت کی تاریخ، قدیم وجدید علاقے، عالی مقام اُمراء اور کویت کی معروف شخصیات سمیت
کویت سے متعلق دیگر اہم معلومات کا ایک مفید خزانہ

مرتّب

مبصر الرحمن قاسمی


ناشر

ریڈیو کویت اردو سروس

# پیش لفظ

عزیز طلباء و طالبات ! ہم نے اس کتاب میں آپ کے لیے انتہائی آسان زبان میں کویت سے متعلق اہم معلومات جمع کی ہیں، کویت میں قیام کے دوران اگرآپ ان معلومات سے ناواقف ہیں تو سمجھیے یہ آپ کی بدنصیبی ہے، کیونکہ کویت ہمارے لیے وطن ثانی ہے، جس سے ہمارا گہرا تعلق ہے اور ہم اس سرزمین سے ویسی ہی محبت کرتے ہیں جیسی اپنے ملکوں سے کرتے ہیں، خدائے تعالی نے اس سرزمین پر جہاں ہمارے لیے بہت ساری نعمتیں رکھی ہے وہیں اس کو ہمارے لیے امن وامان کی جگہ بنارکھا ہے، ان نہ ختم ہونے والی نعمتوں کے سائے میں ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم اس سرزمین سے متعلق، اس کے رہنماؤں اور اس کی تاریخ سے متعلق معلومات سے آگاہ رہیں، کیونکہ یہ بھی اظہار شکر کا ایک طریقہ ہے۔

مبصر الرحمن قاسمی

(ریڈیو کویت اردو سروس)

# کویت کی مختصر جغرافیائی معلومات

کویت میں جملہ چھ گورنریٹس ہیں جن کے نام یہ ہیں :

العاصمہ،الجھراء،الفروانیہ،حولی،مبارک الکبیر،الاحمدی

**العاصمہ:**

حکومت کے مرکزی ادارے،بینکوں کے تمام مرکزی دفاتر،میوزیمس،قدیم فصیل کے دروازے اور تمام کویتی جزیرے عاصمہ کے ماتحت ہیں۔عاصمہ میں یہ منطقے شامل ہیں:

الصوابر . المرقاب . القبلة. الصالحية. الوطية. بنيد القار، الدسمة ، الدعية ، المنصورية، ضاحية عبدالله السالم ، النزهة ، الفيحاء ، الشامية ، الروضة. ، العديلية. ، الخالديه ، كيفان ، القادسية. ، قرطبة. ، السرة. ، اليرموك ، الشويخ. ،الري ، غرناطة. ، الصليبيخات. ، الدوحة. ، النهضة. ، مدينة جابر الاحمد.

**الجھراء:**

جزیرہ بوبیان اور جزیرہ وربہ اسی گورنریٹ میں شامل ہیں،جہراء کویت کا واحد زرعی علاقہ ہے،یہاں کھجور سمیت پیاز،اور محدود مقدار میں جو اور گندم کی کاشت کی جاتی ہے۔کویت کی تاریخی عمارت قصر احمر اسی علاقے میں موجود ہے۔جہراء کے ماتحت یہ علاقے آتے ہیں:

دسمان. ، الشرق. ،المناطق. ، الواحة. ، العيون. ، القصر. ، الجهراء. ، النسيم. ، تيماء. ، النعيم. ، مدينة سعد العبد الله. الجهراء الصناعية. ، الصليبية. ، الصليبية الصناعية. ، الصليبية الزراعية. ، امغرا. ، مدينة الصبية. ، المطلاع. ، العبدلي .

## حولی:

یہ گورنریٹ ساحل کے کنارے واقع ہے، آبادی کے اعتبار سے حولی کویت کا سب سے بڑا علاقہ ہے، شارع بیروت، شارع تونس، شارع سالم المبارک اسی علاقے میں موجود ہیں، اس علاقے میں متعدد تفریحی علاقے بھی واقع ہیں جن میں شعب پارک قابل ذکر ہے۔ حولی کے ماتحت ذیل کے منطقے آتے ہیں:

حولي .الشعب . السالمية . الرميثية. الجابرية . مشرف. سلوى. بيان . حطين . السلام . الزهراء . الشهداء . ضاحيه مبارك عبدالله الجابر . الصديق .

## الفروانیہ:

فروانیہ علاقہ کویت سٹی کے جنوب میں واقع ہے، کویت انٹرنیشنل ائیرپورٹ، حدیقۃ الحیوان (ژو) اوینیوز اور جابر الاحمد انٹرنیشنل اسٹیڈیم اسی علاقے میں موجود ہیں۔ فروانیہ کے ماتحت ذیل کے منطقے آتے ہیں:

أبرق خيطان . الاندلس . اشبيلية . خيطان . الفروانية. الفردوس . ضاحية صباح الناصر. العمرية . العارضية . العارضية الصناعية. الرقعي . الرابية . الرحاب . الري الصناعية . جليب الشيوخ . الضجيج . الشدادية . ضاحية عبدالله المبارك.

## مبارک الکبیر:

یہ گورنریٹ کویت کے ساتویں حکمراں شیخ مبارک الصباح کی جانب منسوب ہے، مبارک الکبیر کا ان کا لقب ہے۔ اس کے تحت ذیل کے علاقے آتے ہیں:

ضاحية صباح السالم. ضاحية المسيلة. ضاحية العدان. ضاحية القصور. ضاحية القرين. ضاحية أبو فطيرة. منطقة صبحان. ضاحية الفنيطيس. ضاحية الفنطاس. ضاحية مبارك الكبير.

الاحمدی:

جہراء کے بعد یہ کویت کا دوسرا بڑا علاقہ ہے، شیخ احمد الجابر الصباح کی جانب منسوب ہے، اس صوبے میں خیران پارک، بچوں کے لیے تفریحی سٹی سمیت کئی اہم مقامات ہیں۔ احمدی کویت کا سب سے بڑا تیل برآمد کرنے والا علاقہ ہے، اس علاقے کو کویت پیٹرولیم کمپنی کے لیے ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا ہے۔

احمدی کے تحت ذیل کے منطقے آتے ہیں:

الظهر . الرقة. هدية. المنقف. ابو حليفة. الفنطاس. الفنيطيس. الصباحية . الأحمدي. الفحيحيل. ضاحية علي صباح السالم. ميناء عبدالله. الشعيبة. بنيدر. الزور. الخيران. الوفرة. ضاحية فهد الاحمد. ضاحية جابر العلي. مدينة صباح الاحمد .

## مشہور سیاحتی مقامات

1. الجزیرۃ الخضراء
2. ابراج الکویت
3. کویت زو
4. انٹرٹیمینٹ سٹی
5. الخیران پارک
6. برج التحریر
7. سائنٹفک سینٹر
8. اوینیوز
9. راس الارض کلب

10. میوزیکل فاونٹین
11. مرینا مول
12. سدوہاوس
13. مسجد کبیر

## مشہور بندرگاہیں

1- ميناء الشعيبة 2- ميناء عبد الله 3- ميناء الدوحة 4- ميناء الشويخ 5- ميناء الأحمدي 6-ميناء بوبيان.

## مشہور پکوان

مجبوس، مطبق، اليريش، الهريس، التشريبة، المربين، المموش، القبوط ،

## مشہور مٹھائیاں

العصيدة، قرص عقيلي، صب القفشة ، الغريبة الدرابيل

## مشہور تاریخی مقامات

1۔ کشک الشیخ مبارک: یہ سوق مبارکیہ میں سوق تمر سے قریب واقع ہے، یہاں شیخ مبارک الصباح تشریف رکھتے تھے۔

2۔ بیت القرین: القرین منطقے میں واقع ہے، عراق جنگ کے دوران کویتی مزاحمت کاروں کا یہ مرکز تھا۔24 فروری 1991 کا واقعہ اسی گھر میں پیش آیا تھا۔

3۔ قدیم کویت کی دیواروں کے دروازے: یہ کل پانچ دروازے ہیں۔

4۔ سیف پیلس/قصر السیف: مسجد کبیر کے سامنے واقع ہے، سال 1904 میں شیخ مبارک الکبیر کے عہد میں تعمیر ہوئی۔

5۔ مشرف پیلس یا قصر مشرف: مشرف علاقے میں واقع ہے، شیخ مبارک الصباح نے سال 1900 میں بطور تفریح گاہ کے اس کی تعمیر کی تھی۔

6۔ خزعل پیلس/قصر خزعل: کویت سٹی میں واقع ہے، سال 1916 میں شیخ خزعل الکعبی جو محمرہ کے امیر تھے نے تعمیر کیا اور شیخ مبارک الصباح کو بطور ہدیہ دیا تھا۔

7۔ بیان پیلس/قصر بیان: صوبہ حولی کے بیان منطقے میں واقع ہے، یہ اعلحضرت امیر کا پیلس ہے، سال 1986 میں پانچویں بین الاقوامی اسلامی کانفرنس کے موقع پر اس کا افتتاح عمل میں آیا۔

8۔ نایف پیلس/قصر نایف: سال 1920 میں شیخ سالم المبارک الصباح کے عہد میں اس کی تعمیر ہوئی، یہ پیلس کویت کی تیسری دیوار کے پڑوس میں واقع تھا، لیکن یہ تاریخی دیوار منہدم کر دی گئی، آج نایف پیلس میں عاصمہ گورنریٹ کی عمارت ہے۔ رمضان میں یہیں سے افطار کے اعلان کے لیے توپ پھونکی جاتی ہے۔

9۔ قصر الاحمر/الاحمر پیلس: حاکم کویت شیخ مبارک الصباح نے سال 1896 میں جنوبی جہراء میں تعمیر کیا تھا۔ اسے حمراء پیلس بھی کہتے ہیں۔

10۔ دسمان پیلس/قصر دسمان: کویت کے آٹھویں حکمراں شیخ جابر المبارک الصباح نے سال 1904 میں دسمان پیلس کی تعمیر شروع کی تھی اور کویت کے دسویں حکمراں شیخ احمد الجابر الصباح نے سال 1930 میں اس کی تعمیر کو مکمل کیا اور اسے اپنی سرکاری قیام گاہ بنائی۔ یہ پیلس عربین گلف اسٹریٹ پر ابراج الکویت سے قریب واقع ہے۔

# میوزیمس

1۔ کویت نیشنل میوزیم:
یہ کویت کا قومی مرکزی میوزیم ہے، سال 1957 میں شیخ عبداللہ الجابر الصباح نے شرق منطقے میں واقع اپنے پیلس میں اس کا افتتاح کیا تھا۔ فی الحال یہ میوزیم عربین گلف اسٹریٹ پر واقع ہے، 24فروری 1983 کو اس میوزیم کو رسمی طور پر یہاں منتقل کیا گیا۔

2۔ کویت سائنس میوزیم
کویت کا یہ مرکزی سائنسی میوزیم ہے، 6فروری 1972 کو یہ میوزیم قائم کیا گیا، کویت سٹی کے مرقاب علاقے میں واقع ہے۔

3۔ سدو ہاوس/بیت السدو:
سن 1979 میں اس کی بنیاد رکھی گئی، بیت السدو کے قیام کا مقصد کپڑا بنائی کی کویت کی قدیم روایت کو تحفظ فراہم کرنا ہے۔ سدو ہاوس کویتی نیشنل میوزیم سے قریب واقع ہے۔

4۔ طارق رجب میوزیم:
یہ جابریہ منطقے میں واقع ہے، سال 1980 میں اس کا افتتاح ہوا، اس میوزیم میں قرآن مجید کے نادر نسخے، عربی مخطوطات، اسلامی آرٹ کے نایاب نمونے اور قدیم اسلامی و عربی آلات موسیقی رکھے ہوئے ہیں۔ اس میوزیم میں چوتھی صدی ہجری کا قرآن مجید کا ایک نایاب نسخہ بھی موجود ہے۔ علم آثار کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے لندن جانے والے پہلے کویتی طارق رجب کی جانب یہ میوزیم منسوب ہے۔

5۔ ماڈرن آرٹ میوزیم:
یہ میوزیم کویت سٹی میں عربین گلف اسٹریٹ سے قریب واقع ہے، اس میوزیم ماڈرن آرٹ سے معلق کئی ساری چیزیں قابل دید ہیں۔

6۔ ڈیکسن ہاؤس:
19 ویں صدی کے آغاز میں اس گھر کی تعمیر ہوئی، یہ ایک برطانوی سیاسی نمائندے ہارولڈ ریچارڈ ڈیکسن کی قیام گاہ تھی، یہ گھر معروف کویتی تاجر جاسم بن محمد علی العصفور کی ملکیت تھی۔

7۔البدر ہاؤس /بیت البدر: یہ ایک تاریخی گھر ہے، سال 1837 میں اس کی تعمیر ہوئی، فی الحال یہ گھر آثار قدیمہ میں شامل ہے۔

8۔العثمان ہاؤس:
یہ بھی آثار قدیمہ میں شامل ایک کویتی گھر ہے، چالیس کی دہائی اس کی تعمیر میں ہوئی، یہ گھر حولی علاقے میں واقع ہے۔

9۔تاریخی اور روایتی گاڑیوں کا میوزیم:
یہ میوزیم الشویخ الصناعیہ علاقے میں واقع ہے، 10 اکتوبر 2010 میں اس کا افتتاح ہوا، اس میوزیم میں کویت کی تاریخ کی اہم گاڑیاں رکھی ہوئی ہیں۔

10۔کای لانسا میوزیم:
اس میوزیم میں دستاویزات، تصاویر اور مجسموں کے ذریعے کویت کے آغاز سے حال تک تاریخ بیان کی گئی ہے۔

11۔ہیریٹیج ویلیج:
یہ جزیرہ فیلکا میں واقع ہے، اس میوزیم میں قدیم کویت کی تاریخ کو بیان کیا گیا ہے، اسی میں شیخ عبداللہ السالم الصباح کا ذاتی میوزیم بھی ہے۔

## مشہور تجارتی مراکز

1۔سوق مبارکیہ:
القبلہ علاقے میں واقع ہے، شیخ مبارک الصباح کی جانب منسوب ہے، یہ کویت کا ایک قدیم بازار ہے۔

2۔اوینیوز کمپلیکس:
کویت کا سب سے بڑا تجارتی مرکز ہے، الری منطقے میں واقع ہے، سال 2013 میں اس کمپلیکس کو مشرق وسطی کا سب سے بہترین تجارتی مرکز کا انعام ملا۔ اعلحضرت امیر شیخ صباح الاحمد الجابر الصباح کے ہاتھوں سال 2007 میں اوینیوز کمپلیکس کا افتتاح ہوا۔

3۔360 مول: سال 2009 میں اس کا افتتاح ہوا، الزہراء علاقے میں واقع ہے۔

4۔ سوق شرق: الشرق علاقے میں واقع ہے، شیخ جابر الاحمد الصباح نے 30 ستمبر 1998 کو اس کا افتتاح کیا تھا۔

5۔ مارینا مول: سالمیہ علاقے میں واقع ہے، اس تجارتی سینٹر کی خوبصورت تعمیر اور اس میں واٹر فاؤنٹین دیکھنے کے قابل ہے۔

6۔ سوق الکویت: یہ جنوب مغربی فحیحیل میں واقع ہے، 10 فروری 2005 کو اس کا افتتاح ہوا، اس شاپنگ سینٹر کی تعمیر اسلامی فن تعمیر کا شاہکار ہے۔

## مشہور رفاہی تنظیمیں اور ادارے

۱۔ الجمعیۃ الخیریہ الاسلامیہ العالمیہ ۲۔ بیت الزکاۃ ۳۔ جمعیۃ الہلال الاحمر الکویتی

## مشہور دعوتی و اصلاحی مراکز

۱۔ آئی پی سی۔ (لجنۃ التعریف بالاسلام) اس کا مرکزی دفتر کویت سٹی میں مسجد ملا صالح میں واقع ہے، یہ ادارہ دنیا کی کئی زبانوں میں دین کی نشر و اشاعت کا کام کرتا ہے۔ کسی بھی ملک اور زبان سے تعلق رکھنے والے خواہشمند غیر مسلم بھائیوں کو اس سینٹر میں اسلام کے بارے میں بتایا جاتا ہے، اس سینٹر میں اب تک بڑی تعداد میں غیر مسلم بھائیوں نے اسلام قبول کیا ہے۔ اس ادارے کی شاخیں کویت کے مختلف علاقوں میں واقع ہیں، آئی پی سی سے دیگر زبانوں کے ساتھ اردو میں بھی "مصباح" نام سے ایک سہ ماہی میگزن شائع ہوتا ہے۔

۲۔ مسجد کبیر۔ یہ شرق علاقے میں واقع ملک کی سب سے بڑی مسجد اور ایک اصلاحی سینٹر ہے۔ یہاں وقتاً فوقتاً دینی پروگرامس منعقد ہوتے ہیں، رمضان کے اخیر عشرے میں ملک کے معروف قراء تراویح اور قیام لیل کی امامت کرتے ہیں، اخیر عشرے میں یہاں ایک جشن کا سماں رہتا ہے۔ ملک کے اعلی عہدیداران نماز عید اسی مسجد میں ادا کرتے ہیں۔

۲۔ مسجد الدعوہ۔ یہ صبحان علاقے میں واقع تبلیغی مرکز ہے۔ یہاں ہر جمعرات کی رات بعد مغرب مختلف زبانوں میں اصلاحی بیانات ہوتے ہیں، جمعہ کے روز بعد عصر خواتین کا اجتماع منعقد ہوتا ہے، اس مسجد میں دنیا کے مختلف ملکوں سے جماعتیں آتی ہیں۔ کویت کی بزرگ شخصیت شیخ راشد کویت میں اس کام کے ذمہ دار ہیں۔

۳۔ احیاء التراث الاسلامی: یہ ادارہ وقتاً فوقتاً مختلف زبانوں میں اصلاحی پروگرامس منعقد کرتا ہے۔

## عالمی شہرت یافتہ کویتی رسائل

۱۔ العربی: یہ ایک ثقافتی وادبی تحقیقی میگزن ہے، جو وزارت اطلاعات کی جانب سے شائع ہوتا ہے، عرب دنیا میں اسے کویتی ثقافت کا ترجمان سمجھا جاتا ہے۔

۲۔ الوعی الاسلامی: (Al- Wayul Islami) یہ دینی، ادبی، ثقافتی اور تحقیقی میگزن ہے، وزارت اوقاف کی جانب سے شائع ہوتا ہے، اس کے ساتھ بچوں کے لیے ضمیمہ کے طور پر "براعم الایمان" نام سے بچوں کا میگزن بھی شائع ہوتا ہے۔ یہ دونوں میگزن دنیا بھر میں مقبول ہے۔

۳۔ المجتمع :(Al- Mujtama) یہ سیاسی، ثقافتی اور ادبی میگزن ہے، اپنی خالص ادبی زبان اور فکر کی وجہ سے دنیا میں مشہور ہے۔

## عالمی شہرت یافتہ کویتی قراء کرام

۱۔ مشاری محمد راشد العفاسی، ۲۔ صلاح الہاشم، ۳۔ محمد البراک

# حکمراں وامراء

| حکمراں/امیر کا نام | اقتدار کا آغاز | اقتدار کا اختتام |
|---|---|---|
| الشيخ صباح بن جابر | 1752 | 1776 |
| الشيخ عبداللہ الأول الصباح | 1776 | 3مئی 1814 |
| الشيخ جابر الأول الصباح | 3مئی 1814 | 1859 |
| الشيخ صباح الثاني بن جابر الصباح | 1859 | 1866 |
| الشيخ عبداللہ الثاني بن صباح الصباح | 1866 | 29مئی 1892 |
| الشيخ محمد بن صباح الصباح | 29مئی 1892 | 17مئی 1896 |
| الشيخ مبارک الصباح (مبارک الکبیر) | 17مئی 1896 | 28نومبر 1915 |
| الشيخ جابر الثاني الصباح | 28نومبر 1915 | 5فروری 1917 |
| الشيخ سالم المبارک الصباح | 5فروری 1917 | 22فروری 1921 |

| | | |
|---|---|---|
| الشیخ أحمد الجابر الصباح | 23مارچ 1921 | 29جنوری 1950 |
| الشیخ عبداللہ الثالث السالم الصباح | 25 فروری 1950 | 24نومبر 1965 |
| الشیخ صباح الثالث السالم الصباح | 24نومبر 1965 | 31دسمبر 1977 |
| الشیخ جابر الثالث الأحمد الصباح | 31دسمبر 1977 | 15جنوری 2006 |
| الشیخ سعد العبداللہ السالم الصباح | 15 جنوری 2006 | 24جنوری 2006 |
| الشیخ صباح الرابع الأحمد الصباح | 29 جنوری 2006 | |

# سوالات وجوابات

س: کویت کی سرکاری زبان کیا ہے؟

ج: عربی

س: ہر قوم اور ملک کا ایک شعار ہوتا ہے جو عموماً چند الفاظ پر مشتمل ہوتا ہے مثال کے طور پر ''سچ ہی جیتتا ہے'' بھارت کا شعار ہے اور پاکستان کا شعار ''ایمان، اتحاد، تنظیم'' ہے، لہذا کویت کا قومی شعار کیا ہے؟

ج: '' اللہ، الوطن، الامیر'' ہے۔

س: کویت نے حال ہی میں یمنی بحران کے سلسلے میں کونسی اہم کوشش کی؟

ج: یمنی مشاورت منعقد کی۔

س : Kuwait Foundation for the Advancement of Sciences (KFAS) کا قیام کس سن میں عمل میں آیا ؟

ج : 1976 میں

س : The Sabah Al Ahmad Center for Giftedness and Creativity (S.A.C.) کس فاونڈیشن کا سینٹر ہے؟

ج:(KFAS)

س : Jaber Al-Ahmad Center for Nuclear Medicine and Molecular Imaging (JACNMMI) کس فاونڈیشن کا سینٹر ہے؟

ج:(KFAS)

س: کویت کا قومی پھول کیا ہے؟

ج: عرفج Arfaj

س: کویت کی پہلی ایکسچینج کمپنی کونسی ہے؟

ج: المزيني ایکسچینج

س: کویتی لہجے میں حرف کاف کے لیے بسا اوقات کونسا لفظ استعمال کیا جاتا ہے؟

ج: ''چ'' جیسے فیلکا کے کاف کو فیلچا

س: کویتی لہجے میں حرف ''ق'' کے لیے بسا اوقات کونسا لفظ استعمال کرتے ہیں؟

ج: اردو کا ''گ'' جیسے قہوہ کو گہوہ کہتے ہیں۔

س: سن 1962 میں کویت میں ڈرامہ اسٹڈی سینٹر کس نے قائم کیا؟

ج: زكي طليمات نے

س: کویت نے اولمپک کھیلوں میں پہلی بار کب شرکت کی؟

ج: 1968 میں

س: کویت نے اولمپک کھیلوں میں کس سال دوسرا کانسی کا تمغہ حاصل کیا؟

ج: 2012 میں

س: کویت نے سال 1980 میں پہلی بار کن اولمپک کھیلوں میں قدم رکھا؟

ج: پیرالمپک گیمز میں

س: برج الصفاۃ کویت کے کس منطقے میں واقع ہے؟

ج: کویت سٹی میں

س: مسجد کبیر کا افتتاح کب ہوا؟

ج: سال 1986

س: مسجد کبیر کی تعمیر کس کی ہدایت پر عمل میں آئی؟

ج: شیخ جابر الاحمد الصباح کی۔

س: مسجد کبیر کا ڈیزائن کس طرز کا ہے؟

ج: اندلسی

س: دنیا کی 23ویں نمبر کی سب سے اونچی عمارت کا نام کیا ہے؟

ج: برج الحمراء (کویت کے شرق علاقے میں واقع ہے)

س: کویت کی سب سے بڑی بندرگاہ کا کیا نام ہے؟

ج: میناء الشعبیہ

س : بوابۃ الجہراء کہاں واقع ہے؟

ج: کویت کے مالیہ علاقے میں

س: کویت میں "یوم البحار" نام سے ہیریٹیج سٹی کہاں واقع ہے؟

ج: قومی اسمبلی کی عمارت کے سامنے شارع خلیج عربی پر

س: انٹرٹینمینٹ سٹی کویت کے کس علاقے میں واقع ہے؟

ج:دوحہ میں

س: خلیج عرب کا پہلا مصنوعی جزیرہ کس ملک میں واقع ہے اور اس کا کیا نام ہے؟

ج: کویت میں اور اس کا نام Green Island ہے۔

س: Green Island کی تعمیر کب ہوئی؟

ج:فروری 1988 میں

س:مسجد کبیر کی تعمیر میں کتنا خرچ آیا؟

ج:14 ملین کویتی دینار

س:ماضی میں کویت سٹی دو مرکزی حصوں میں تقسیم تھا ان دونوں حصوں کے کیا نام تھے؟

ج: حی شرقی اور حی قبلی (عربی میں حی کے معنی محلہ ہے)

س:بوم غواص کا استعمال کس کام کے لیے کیا جاتا تھا؟

ج:پرل ہنٹنگ کے لیے

س:الشباب سی کلب کہاں ہے؟

ج: حولی میں

س:راس الارض کلب کویت کے کس علاقے میں واقع ہے؟

ج:سالمیہ میں

س:ماضی میں اہل کویت بوم مائی (Boom-Ma'y) کا استعمال کس کام کے لیے کرتے تھے؟

ج: میٹھے پانی کی فراہمی کے لیے

س: بوم سفر کا استعمال اہل کویت کب کرتے تھے؟

ج: طویل سفر کے لیے

س: کویت کے شرق علاقے میں ایک ہیریٹیج سٹی بنائی گئی ہے، جس میں قدیم بازاروں، عوامی ہوٹلوں اور قدیم سمندری ورثہ سمیت قدیم کویت کی زندگی کی مختلف جھلکیوں کو پیش کیا گیا ہے، اس ہیر ٹیج سٹی کا کیا نام ہے؟

ج: یوم البحار

س: قلیل فاصلے کے سفر کے لیے اہل کویت ماضی میں کس بوم کا استعمال کرتے تھے؟

ج: بوم Gatta'a کا

س: کویت میں ایمر جنسی فون نمبر کیا ہے؟

ج: 112

س: مسجد کبیر کے ڈیزائنر کا نام بتایئے؟

ج: ڈاکٹر محمد صالح مکیہ

س: کویت کا انٹر نیٹ کوڈ کیا ہے؟

ج: kw

س: شیخ جابر الاحمد کلچرل سینٹر کہاں واقع ہے؟

ج: کویت سٹی میں

س: شیخ جابر الاحمد کلچرل سینٹرل کا افتتاح اعلحضرت امیر کے ہاتھوں کب ہوا؟

ج: ۳۱/اکتوبر ۲۰۱۶ کو

س: سن ۱۹۹۲ سے ۱۹۹۷ تک پاکستان میں کویت کے سفیر کون تھے؟

ج: صلاح عثمان العثمان

س: "پاکستان کویت تعلقات" کے مصنف کون ہیں؟

ج: صلاح عثمان العثمان

س: کویت کی قومی تیل کمپنی کا کیا نام ہے؟

ج: Kuwait Petroleum Corporation

س: کویتی کیلنڈر کس ماہر فلکیات کی تقویم کی بنیاد پر تیار کیا جاتا ہے؟

ج: صالح العُجیری

س: ہلال بن فجحان کی مشہور کشتی کا نام کیا تھا؟

ج: البوم

س: اعلحضرت امیر کو اقوام متحدہ کی جانب سے Humanitarian-leader کا خطاب کس سن میں دیا گیا؟

ج: ۹ / ستمبر ۲۰۱۴ کو

س: اقوام متحد کی عمارت میں کویت کے پرچم کو سب سے پہلے کس نے بلند کیا؟

ج: اعلحضرت امیر شیخ صباح الاحمد الجابر الصباح نے۔

س: صباح الاحمد فوجی بیس کس کے نام سے موسوم ہے؟

ج: اعلحضرت امیر شیخ صباح الاحمد الجابر الصباح کے نام سے۔

س: شیخ صباح الاحمد ہیریٹج ویلیج کویت کے کس علاقے میں واقع ہے؟

ج: سالمی میں۔

س: سعودی عرب کے شہر ریاض کے سلیمانیہ علاقے کی مشہور سڑک کویت کے امیر کے نام سے موسوم ہے؟

ج: اعلحضرت امیر شیخ صباح الاحمد الجابر الصباح کے۔

س: اردن کے کس شہر کی ایک شاہراہ کا نام شارع شیخ صباح الاحمد رکھا گیا ہے؟

ج: القصر شہر

س: سال 1765 میں کویت کی ملکیت میں کتنی ورکنگ شیپس تھیں؟

ج: 800

س: بغلہ، بوم، سنبوک، شوعی، جلبوت اور بتیل یہ سب کیا ہیں؟ (Baghlah, Boom, Sanbouk, Sho'i, Jalboot, Batteel.)

ج: یہ سب کویت میں ماضی میں استعمال ہونی والی کشتیوں کے نام ہیں۔

س: "Dhow" یا "Fat'h al-kareem" کیا ہے؟

ج: کویت کی ایک مشہور کشتی کا نام ہے۔

س: کویت کی مشہور شپ "محمدی" کس سن میں تیار کی گئی؟

ج: 1917 میں

س: محمدی شپ کو استاد محمود بن حسن نے کس کے لیے تیار کیا تھا؟

ج: کویتی تاجر محمد رافی معرفی کے لیے۔

س: المہلب (Al-Muhalab) بوم شپ کویت کو استاد محمد عبداللہ نے سن 1937 میں بنایا، یہ شپ کس کی ملکیت تھی؟

ج: ثنیان الغانم کی

س: کویت کی المہلب بوم قومی میوزیم میں رکھی ہوئی تھی، اسے کس نے خاکستر کیا؟

ج: قبضے کے دوران عراقی فوجیوں نے۔

س: 1752 میں کویت کا کیا نام تھا؟

ج: القرین. "Al-Qareen"

س: صباح اول کو لوگوں نے کس سن میں اپنے پہلے امیر کے طور پر منتخب کیا؟

ج: سال 1752 میں۔

س: دوسری عالمی جنگ کے دوران برطانیا کی درخواست پر اہل کویت نے بحری فوجی آپریشن کے لیے 250 شپس تیار کی تھیں، یہ کس نوعیت کی شپس تھیں؟

ج: دوبا (Dooba)

س: الہاشمی 2 بغلہ نوعیت کی کویتی داو کشتی ہے، یہ کشتی دنیا کی لکڑی سے تیار کردہ سب سے بڑی کشتیوں میں سے ایک ہے، اس کی لمبائی اور چوڑائی کتنی ہے؟

ج: اس کی لمبائی 80.4 میٹر اور اس کی چوڑائی 18.77 میٹر ہے۔

س: الہاشمی 2 کتنا وزن سنبھال سکتی ہے؟

ج: 2,500 ٹن

س: کویت کی کونسی کشتی "largest Arabic dhow" کی فہرست میں گینیس بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل کی گئی۔

ج: الہاشمی دوم

س: بوقماز کویت کا ایک قدیم اور مشہور خاندان ہے۔ یہ خاندان کویت کے کس علاقے میں آباد ہے؟

ج: شرق میں

س: مرحوم سالم بن علی کا تعلق کویت کے کس خاندان سے ہے؟

ج: بوقماز

س: مرحوم سالم بن علی کس پیشے سے وابستہ تھے؟

ج: غوطہ خوری اور موتیوں کی تجارت

س: کویت میں غوطہ خوری کا استاذ کس شخصیت کو کہتے ہیں؟

ج: مرحوم سالم بن علی کو

س: کویت کی قدیم شخصیات میں مرحوم سلیمان الیعقوب کس قدیم پیشے سے وابستہ تھے؟

ج: غوطہ خوری

س: ان شخصیات میں تاریخ کویت کے راوی کون ہیں؟

۱- مرحوم سالم بن علی ۲- سلیمان الیعقوب ۳- ھلال بن فجحان المطیری

س: موتیوں کے تاجر ھلال بن فجحان المطیری کس پڑوسی ملک سے ہجرت کر کے کویت آئے تھے؟

ج: سعودی عرب کے نجد علاقے سے

س: موتیوں کے معروف تاجر ہلال بن فجحان سال 1914ء میں کتنی کشتیوں کے مالک تھے؟

ج: 28

س: سال 1912ء میں کویت کے مشہور تاجر ھلال المطیری بعض وجوہات کی بنا پر بحرین منتقل ہو گئے تھے تو کس امیر کی دعوت پر دوبارہ کویت لوٹے؟

ج: مرحوم اعلحضرت امیر شیخ مبارک الصباح کی دعوت پر۔

س: کویت میں موتیوں کے مشہور تاجر ھلال بن فجحان کس سن میں مجلس شوری کے رکن نامزد ہوئے؟

ج: 1921ء میں

س: کویت میں پہلے مدرسہ نظامی کی بنیاد کس نے رکھی؟

ج: ہلال بن فجحان نے

س: مدرسہ مبارکیہ کس سال قائم ہوا؟

ج: 1911ء میں

س: مدرسہ مبارکیہ کی پہلی تعمیر کے وقت کتنا خرچ آیا تھا؟

ج: پانچ ہزار بھارتی روپیے

س: مدرسہ ہلال فجحان المطیری اسکول کویت کے کس علاقے میں واقع ہے؟

ج: مبارک الکبیر میں

س: ہلال فجحان المطیری روڈ کویت کے کس منطقے میں واقع ہے؟

ج: سالمیہ

س: احمد مشاری العدوانی کی اہلیہ کا نام کیا ہے؟

ج: ڈاکٹر دلال الزبن

س: کویت کے کس علاقے میں مشہور کویتی تاجر ہلال بن فجحان المطیری کے نام سے ایک فنکشن ہال منسوب ہے؟

ج: حولی

س: کویت کی وہ معروف رائٹر کا نام کیا ہے؟ جو عرب ٹائمز میں کویتی شخصیات کے موضوع پر لکھتی ہیں؟

ج: لیدیا قطان

س: ڈاکٹر طارق محمد الصالح السویدان کون ہیں؟

ج: مشہور داعی اسلام ہیں

س: ڈاکٹر طارق السویدان کن اہم موضوعات پر لکھتے ہیں؟

ج: پرسنل ڈیولپمینٹ، ایڈمنسٹریشن اور اسلامی تاریخ

س: ڈاکٹر طارق السویدان کا کس ملک سے تعلق ہے؟

ج: کویت

س: سال 1975ء میں ڈاکٹر طارق السویدان نے برطانیا کی کس یونیورسٹی سے گریجویش کیا؟

ج: پینسیلوانیا یونیورسٹی

س: ڈاکٹر طارق السویدان کی پہلی کتاب کا نام کیا ہے؟

ج: کامیابی کی کنجی

س:Time Management عنوان سے کویت کے کس مشہور مصنف نے کتاب لکھی؟

ج: ڈاکٹر طارق السویدان

س: فلسطین تصویروں کی زبانی" اور "اندلس تصاویر کے آئینہ میں" کتابیں کس کویتی مصنف نے لکھی؟

ج: ڈاکٹر طارق السویدان

س: "یھود، تصویری انسائیکلوپیڈیا" کس کویتی مصنف نے تیار کیا؟

ج: ڈاکٹر طارق السویدان نے

س: ڈاکٹر یعقوب یوسف الغنیم کون ہیں؟

ج: سابق وزیر تعلیم اور کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔

س: شویخ سیکنڈری اسکول کی بنیاد کس سن رکھی گئی؟

ج: سال 1951ء میں

س: کویت میں پہلی مرتبہ کس سال راشن کارڈس تقسیم ہوئے؟

ج:1941 میں

س: کویتی شخصیات میں ولید الرجیب کو کس حیثیت سے پہچانا جاتا ہے؟

ج: مشہور شاعر، تنقید نگار اور ناول نگار

س: سال 1989م میں بدریہ عنوان سے ایک ناول شائع ہوئی، یہ ناول کس کویتی ناول نگار نے لکھی؟

ج: ولید الرجیب

س: Alexander Pushkin ایک روسی شاعر، ڈرامہ نگار اور ناولسٹ ہے، اس کی ایک ناول کا عربی ترجمہ کس کویتی ناول نگار نے کیا ہے؟

ج: ولید الرجیب

س: کویتی خاتون منی شافعی اپنے کس مشغلے کی وجہ سے مشہور ہیں؟

ج: شارٹ اسٹوری رائٹنگ

س: منی شافعی نے کس یونیورسٹی سے بی اے کی ڈگری حاصل کی؟

ج: قاہرہ کی اسکندریہ یونیورسٹی سے

س: ماجد سلمان الخالدی کویتی شاعر ہیں، ان کے شعری دیوان منظر عام پر آئے؟

ج: ۹

س: احمد بشر الرومی کون تھے؟

ج: مشہور شاعر، مورخ اور انشاء پرداز

س: کویت کے کس منطقے میں احمد بشر الرومی کے نام سے اسکول ہے؟

ج: دعیہ میں

س: احمد محمد السقاف کویت میں فکری انقلاب کے داعی ہیں، آپ نے سال 1948 عبدالحمید الصانع کے ساتھ مل کر کویت کا پہلا ادبی و ثقافتی میگزن نکالا، اس میگزن کا نام کیا ہے؟

ج: کاظمہ

س: کاظمہ میگزن

س: سال 1952 میں کویت میں نیشنل کلچرل کلب کی بنیاد کس شاعر نے رکھی؟

ج: احمد السقاف نے

س: العربی میگزن کہاں سے شائع ہوتا ہے؟

ج: کویت کے وزارت اطلاعات سے

س: العربی میگزن کے حالیہ چیف ایڈیٹر کون ہیں؟

ج: عادل سالم العبد الجادر

س: کویت میں العربی میگزن کا ہیڈ آفس کس منقطے میں واقع ہے؟

ج: بنید القار میں

س: دنیا بھر میں مشہور کویت کے العربی میگزن کے پہلے ایڈیٹر کا نام کیا ہے؟

ج: ڈاکٹر احمد زکی

س: العربی میگزن کا پہلا شمارہ کب شائع ہوا؟

ج: دسمبر عام.1958 میں

س: احمد مشاری العدوانی کی پیدائش کس سن میں ہوئی؟

ج: 1923 میں

س: احمد مشاری العدوانی کون ہیں؟

ج: کویتی شاعر اور کویت کے قومی ترانے (National Anthem) کے رائٹر ہیں۔

س: احمد العدوانی کس کے دور میں وزارت اطلاعات کے اسسٹنٹ انڈر سیکریٹری رہے؟

ج: شیخ جابر العلی السالم الصباح

س: کویت میں آرٹس اینڈ میوزیکل سائنس اکیڈمی کی بنیاد کس نے رکھی؟

ج: احمد مشاری العدونی نے

س: عرب دنیا کی معروف گلوکارہ ام کلثوم نے کویت کی شان میں "ارض الجدود" گیت گایا تھا، اس گیت کے لکھنے والے کون ہیں؟

ج: احمد مشاری العدوانی

س: "یا دَارَنَا یا دَار" کویت کی شان میں احمد مشاری کا لکھا ہوا گیت ہے، اسے عرب دنیا کی کس گلوکارہ نے گایا ہے؟

ج: ام کلثوم

س: ام کلثوم کا تعلق عرب دنیا کے کس ملک سے ہے؟

ج: مصر

س: کویت میں احمد مشاری کے لکھے ہوئے قومی ترانے کا استعمال کس مہینے اور سال سے ہو رہا ہے؟

ج: 25 فروری سن1978 سے۔

س: کویت کا قومی ترانہ کیا ہے؟

ج: یہ ہے:

وطنـي الكويـت سلمـت للمجـد — وعلـى جبينــك طالــع السعـــد

يا مهـــد آبــاء الأولـــى كتبـــوا — سفــر الخلــود فنـادت الشهـــب

اللـــــه أكبـــــر إنـــهم عـــــرب — طلعـت كواكـب جنــة الخلــد

بوركـت يا وطنـي الكويت لنـا — سكنا وعشت على المدى وطنـا

يفديـك حــر فـي حمــاك بنـى — صــرح الحيـاة بأكـرم الأيـدي

نحميـك يــا وطنـي وشـاهدنـا — شــرع الهـدى والحــق رائـدنا

وأميـــرنا للعـــــز قـــائـــدنا — رب الحمــية صــــادق الــوعد

وطنـي الكويـت سلمـت للمجـد — وعلـى جبينــك طالــع السعـــد

س: کویتی ادیبوں کا تاریخی انسائیکلوپیڈیا سب سے پہلے کس نے لکھا؟

ج: شاعر اور مورخ خالد سعود الزید نے

س: کویت میں ڈرامہ کی تاریخ پر سب سے پہلے کس کویتی مورخ نے کتاب لکھی؟

ج: خالد سعود الزید نے

س: کویت میں ادبی سفر ناموں پر سب پہلے لکھنے والے کون ہیں؟

ج: خالد سعود الزید

س: سن 1954ء میں اعلحضرت شیخ صباح الاحمد الجابر الصباح کی سرپرستی میں دولت مند کویتی افراد کے ایک گروپ نے کونسی فلاحی تنظیم قائم کی تھی؟

ج: (اللجنة الشابية لجمع التبرعات) **عوامی تنظیم برائے عطیات**

س: کویت کے منقطے صبیہ میں قدیم شہر کے تاریخی آثار کا انکشاف کس نے کیا؟

ج: خالد سعود الزید نے

س: کویت میں ادبی و ثقافتی تحریک کا آغاز کس کے عہد میں ہوا؟

ج: مرحوم شیخ مبارک الصباح کے عہد میں

س: اموی دور کا وہ مشہور شاعر کون ہے جس کی پیدائش اور پرورش قدیم کویت میں ہوئی؟

ج: فَرَزْدَقْ جس کا پورا نام ھمام بن غالب بن صعصعہ داری تمیمی ہے۔

س: کویت کے وہ مشہور تاجر کا نام بتایئے، جو ایک شاعر و ادیب بھی ہے، کویت میں ایک عظیم الشان لائبریری کے روح رواں بھی ہیں اور نہ صرف کویت بلکہ یورپ، امریکا، چین اور مشرق وسطی و عرب دنیا کے ملکوں تک ان کی تجارت پھیلی ہوئی ہے۔

ج: عبد العزیز سعود البابطین

س: عبد العزیز سعود البابطین لائبریری برائے عربی شاعری۔ کویت کے کس منطقے میں واقع ہے؟

ج: شرق میں مسجد کبیر کے پڑوس میں

س: کویت میں اسلامی دنیا کا سب سے مشہور شاہ فیصل ایوارڈ کس شاعر و ادیب کو ملا؟

ج: عبدالعزیز سعود البابطین کو

س: کویت کے مشہور رومانسی شاعر کا نام بتائیے؟

ج: عبداللہ عبداللطیف العثمان

س: عبداللہ عبداللطیف العثمان نے کویت کی شان میں کیا کہا:

ج: كويت أنا واليوم عيدي وعيدُكم يَحِقُ لَنا أَن نِحْفِلن فيه بالذكرى

(ترجمہ: اے کویت آج میری اور تمہاری عید ہے، آج جشن منانا ہمارا حق ہے)

س: کویت کے کس عظیم شاعر کو "رائدُ الصَوت" لقب سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج: عبداللہ الفرج کو

س: 19 جولائی 1961 تک کویتی حکمرانوں کو کس لقب سے یاد کیا جاتا تھا؟

ج: حاکم کویت

س: کویت کے کس حکمراں نے حکمراں خاندان کے افراد کے اعزاز میں شیخ اور شیخہ کا لقب رسمی دستاویزات کے لیے منتخب کیا؟

ج: صباح بن جابر الصباح (صباح ثانی) نے

س: اعلحضرت امیر شیخ صباح الاحمد الجابر الصباح کا کویتی حکمراں اور امراء کی فہرست میں کونسا نمبر ہے؟

ج: پندرہ واں

س: کویت میں جمعیہ اصلاح الاجتماعی کی بنیاد کس سن میں رکھی گئی؟

ج: 1997ء میں

س: جمعیہ اصلاح الاجتماعی کا کیا کام ہے؟

ج: یہ ایک رفاہی ادارہ ہے، جو زکات صدقات جمع کر کے غریبوں میں تقسیم کرتا ہے۔

س: کویت اوقاف پبلک فاؤنڈیشن کب قائم ہوا؟

ج: امیری فرمان کے ذریعے نومبر 1993ء میں

س: کویت میں بیت الزکات یا زکات ہاؤس کب قائم ہوا؟

ج: 1982ء

س: بیت الزکاۃ کویت کی کس وزارت کے ماتحت کام کرتا ہے؟

ج: وزارت اوقات اور اسلامی امور

س: اپنے قیام کے بعد سے بیت الزکات نے کویت میں تقریبا کتنے خاندانوں کو نفع پہنچایا؟

ج: 25 برسوں میں تقریبا دو لاکھ افراد کو فائدہ پہنچایا ہے۔

س: سن 2007 میں اعلحضرت امیر شیخ صباح الاحمد الجابر الصباح نے فرانس کے لوور میوزیم اسلامی آرٹ اور اسلامی طرز تعمیر سے متعلق نئی شاخ کی عمارت کے لیے کتنے کویتی دینار کا عطیہ فراہم کیا۔

ج: 1873 ہزار کویتی دینار

س: اعلحضرت شیخ سالم العلی السالم الصباح نے کویتی معاشرے کے ضرورت مند افراد کے لیے زکات ہاؤس کو کس سال 100 ملین کویتی دینار عطیہ دیا؟

ج: سن 2007 میں۔

س: کس سال مرحوم شیخ جابر الاحمد الجابر الصباح کو دنیا کی سخی شخصیت قرار دیا گیا؟

ج:1990ء میں

س: عبدالعزیزالبابطین ایوارڈ برائے شعری تخلیق کا آغاز کس سن میں ہوا؟

ج:1989ء میں

س: کویت میں قائم ہونے والی پہلی منظم فلاحی تنظیم کا کیانام ہے؟

ج:(اللجنة الشابية لجمع التزعات)**عوامی تنظیم برائے عطیات**

س: اعلحضرت امیر شیخ صباح الاحمد الجابر الصباح نے سن 2007ء میں ریاض میں منعقدہ اوپیک کے تیسرے سربراہی اجلاس میں کویت کی جانب سے کتنی رقم بطور عطیہ فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا؟

ج:150 ملین امریکی ڈالر

س: تشریبہ کیاہے؟

ج: کویتی پکوان۔

س: دنیامیں غذااور توانائی کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے کویت نے کونسافنڈ قائم کیا؟

ج:Decent Life Fund

س: Decent Life Fund کے لیے کویت نے کتنی رقم فراہم کی؟

ج:100 ملین امریکی ڈالر

س: اعلحضرت امیر شیخ صباح الاحمد الجابر الصباح نے سن 2009ء میں کویت میں منعقدہ مدد فراہم کرنے والے ممالک کی کانفرنس میں فلسطینی پناہ گزینوں کی راحتی ایجنسی کے لیے کتنی رقم بطور عطیہ دینے کا اعلان کیا تھا؟

ج:34 ملین ڈالر

س: کویت میں قائم عرب فنڈ برائے اقتصادی ترقی نے کس سال سوڈان کے لیے 500 ملین امریکی ڈالر دینے کا اعلان کیا تھا؟

ج:2010ء

س:Tour of Hope Project کس کی سرپرستی میں جاری ہے؟

ج: کویت کے اعلحضرت امیر شیخ صباح الاحمد الجابر الصباح کی۔

س: کویت میں Women Cultural & Social Society کب قائم ہوئی؟

ج: سن 1963ء میں

س: الشیخ فہد الاحمد انٹرنیشنل ایوارڈ کس میدان کی شخصیات کو دیا جاتا ہے؟

ج: رفاہی کاموں میں کام والی نمایاں شخصیات کو

س:House Of Butterflies کی بانی کون ہیں؟

ج: کویتی خاتون ہنوف العجیل

س:House Of Butterflies کے تحت ہنوف العجیل کیا کام کرتی ہیں؟

ج: کمزور اور معذور افراد کی ہمت افزائی

س: کویت کے صباحیہ منقطہ کویت کے کونسے حکمراں کی جانب منسوب ہے؟

ج: کویت کے 12 ویں حکمراں شیخ صباح السالم الصباح کی جانب

س: کویت کا الخالدیہ منطقہ کس کی جانب منسوب ہے؟

ج: کویت کے 11 ویں حکمراں کے فرزند شیخ خالد بن عبداللہ السالم الصباح کی جانب

س: مبارک الکبیر کویت کے کونسے حکمراں کی جانب منسوب ہے؟

ج: کویت کے ساتویں حکمراں شیخ مبارک کی جانب

س: مشرف پیلس کویت کے کس منطقے میں واقع ہے؟

ج: مشرف میں

س: القصر محلہ کویت کے کس منطقے میں واقع ہے؟

ج: جہراء میں

س: قصر پیلس کہاں ہے؟

ج: جہراء کے قصر محلے میں۔

س: کویت کا سلوی علاقہ کس کی جانب منسوب ہے؟

ج: شیخ جابر العبداللہ کے گارڈن کی جانب منسوب ہے۔

س: کویت کے کس علاقے میں کاشت کاری ہوتی ہے؟

ج: جہراء میں

س: "القبوط" کویت کے گھروں میں کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے، یہ کیا ہے؟

ج: ایک کویتی پکوان ہے۔

س: کویت کا قومی جانور کیا ہے؟

ج: اونٹ

س: اہل کویت اچار کو کیا کہتے ہیں؟

ج: تورشی

س: احمد القطامی کو کویت میں کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج: موسیقار

س: کویت میں سے Folklore Preservation Centre کس سال قائم ہوا؟

ج: سن 1957ء میں

س: کویت کا قومی روایتی رقص کیا ہے؟

ج: عَرضَہ

سن: کویت میں خواتین کونسا روایتی رقص کرتی ہیں؟

ج: سامری

س: کویت میں ماڈرن آرٹ میوزیم کب قائم ہوا؟

ج:1990ء

س: ماضی کے مدرسۃ الشرقیہ میں آج کونسا میوزیم قائم ہے؟

ج: ماڈرن آرٹ میوزیم

س: کویت میں اونٹ ریس کن مہینوں میں ہوتی ہیں؟

ج: ہر برس ماہ اکتوبر سے اپریل تک۔

س: کویت کا قومی لباس کیا ہے؟

ج: دشداشہ

س: کویت فنڈ کی بنیاد کب رکھی گئی؟

ج: 1961 میں

س: کویت فنڈ دنیا کے کتنے ملکوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کر رہا ہے؟

ج: 104 ملکوں میں۔

س: بشت کیا ہے؟

ج: کویت میں مردوں کا مشہور لباس ہے، اسے تقریبات اور شادی بیاہ کے موقعوں پر پہنا جاتا ہے۔

س: کویت میں حالیہ بھارت کے سفیر کون ہیں؟

ج: شری سنیل جین

س: کویت میں مقرر پاکستانی سفیر کا پورا نام کیا ہے؟

ج: جناب غلام دستگیر صاحب

س: کویت کے مشہور بحری گیت کیا ہیں؟

ج: الدواری ( Al Dawari)، الحلو ( Al Holo) اور السنغاری ( Al Singhari )

س: اسلامی آرٹ کا سب سے بڑا مجموعہ دار الآثار الاسلامیہ حکمراں خاندان کے کن دو افراد نے قائم کیا؟

ج: شیخ ناصر اور شیخہ حصہ الصباح نے۔

س: کویت نے سال 2000 میں اولمپک کھیلوں میں کونسا پہلا تمغہ جیتا؟

ج: کانسی کا تمغہ